







اردو (Urdu)

# معذوری کی انشورنس کی نیشنل سکیم (National Disability Insurance Scheme, NDIS) تک رسائی کے ضمن میں کارآمد الفاظ

Helpful words when accessing the National Disability Insurance Scheme (NDIS)


Ethnic Community Services Co-operative

A voice for diversity and inclusion

# معذوری کی انشورنس کی نیشنل سکیم
# (National Disability Insurance Scheme, NDIS)
# تک رسائی کے ضمن میں کارآمد الفاظ

## Helpful words when accessing the National Disability Insurance Scheme (NDIS)

**رسائی کی درخواست** (Access Request)

NDIS کیلئے درخواست دینے اور اس سکیم میں شامل ہونے کا طریقہ

**حاصل کرنا** (Achieve)

کامیاب نتیجہ حاصل ہونا؛ انجام دینا؛ مکمل کرنا

**طرفداری - حمایت** (Advocacy)

اپنے لیے آواز بلند کرنا یا دوسرے لوگوں کو ان کے مطلوبہ مقاصد دلانے کیلئے آواز بلند کرنا

**حمایتی** (Advocate)

وہ شخص جو آپ کے مقاصد کے حصول کیلئے آپ کی حمایت کرے

**جائزہ/جانچ** (Assessment)

آپ کے بارے میں اور آپ کی ضروریات کے بارے میں معلوم کرنے کا طریقہ

**رکاوٹیں** (Barriers)

کوئی بھی چیز جو پیش رفت، رسائی وغیرہ محدود کر دے یا روک دے۔ یہ مادّی رکاوٹ بھی ہو سکتی ہے یا سماجی رکاوٹ بھی (جیسے کسی کا برتاؤ، زبان)

**اہلیت بڑھانا** (Capacity Building)

ایسی مدد جس سے شریک فرد اپنی خودمختاری اور مہارتیں بڑھانے کے قابل ہو جائے جیسے مخصوص وسائل تک رسائی

**کیپیٹل سپّورٹ (NDIS پلان میں)**
[Capital Support (in NDIS plan)]

سرمایے سے مدد جیسے مددگار ٹیکنالوجی، آلات اور گھر اور گاڑی میں تبدیلیوں، ابتدائی اخراجات کیلئے مالی وسائل کی فراہمی

**سماجی شرکت** (Community Participation)

معذوری میں مبتلا لوگوں کو معاشرے کا حصہ بننے میں مدد دینے کیلئے خدمات اور لوگوں کو نئی مہارتیں سیکھنے کیلئے مدد دینا

**شکایت** (Complaint)

جب آپ کسی وجہ سے ناخوش یا غیرمطمئن ہوں تو اس کا اظہار کرنا

**اہم ترین سپّورٹ (NDIS پلان میں)**
[Core Support (in NDIS Plan)]

ایسی مدد جس سے سکیم میں شامل فرد روزمرّہ زندگی کی سرگرمیاں انجام دینے کے قابل ہو جائے اور اپنے اہداف کیلئے کام کرنے اور اپنے مقاصد حاصل کرنے کے قابل بنے

**جلد مدد** (Early Intervention)

بچے کو زندگی کی ابتدا میں یا معذوری کی تشخیص ہونے کے بعد جلد مدد فراہم کرنا تاکہ معذوری کے اثرات کم رہیں اور بچے کی زندگی بہتر بنائی جائے

**اہل ہونا (NDIS کیلئے)** (Eligible for the NDIS)

NDIS سکیم میں شامل ہونے کے قابل ہونا

**رسمی امداد** (Formal Supports)

پیسوں کے عوض کسی فرد یا ادارے کی جناب سے فراہم کی جانے والی مدد جیسے فزیوتھراپی

**مالی وسائل سے ملنے والی امداد**
(Funded Supports)

امداد کی ایسی قسمیں جن پر خرچ اٹھتا ہے جو NDIS ادا کرتی ہے

## ہدف (Goal)

مطلوبہ نتیجہ یا ممکنہ نتیجہ جس کا ایک شخص تصور رکھتا ہو، جس کیلئے وہ منصوبہ بندی کرے اور جسے حاصل کرنے کا پختہ ارادہ کرے۔ مثال کے طور پر کھیلوں کے کلب میں شامل ہونا یا کوئی نئی مہارت سیکھنا ایک ہدف ہو سکتا ہے

## شمولیت (Inclusion)

معاشرے کے حصے کے طور پر قبول کیے جانا

## انفرادی مالی وسائل (Individualised Funding)

NDIS کی جانب سے معذور شخص کیلئے دیے جانے والے مالی وسائل

## غیر رسمی امداد (Informal Support)

کوئی بھی بلامعاوضہ مدد جو دیکھ بھال کرنے والا رشتہ دار یا دوست فراہم کرے

## معلومات، رابطے اور اہلیت بڑھانا

(Information, Linkages and Capacity Building ILC)

اس کا مقصد معاشرے، معذور افراد اور ان کے گھرانوں اور دیکھ بھال کرنے والوں کی اہلیت بڑھانا ہے

## تاحیات مدد (Lifelong Support)

وہ مدد جو حال میں اور مستقبل میں درکار ہو

## مقامی علاقے کا کوآرڈینیٹر

[Local Area Co-ordinator (LAC)]

مقامی علاقے کا کوآرڈینیٹر NDIS پلان کی تشکیل، معاشرے کی اہلیت اور آگاہی بڑھانے کی سرگرمیاں انجام دینے، اور جب ضرورت ہو تو سکیم کے شرکاء کیلئے امداد میں ربط پیدا کرنے اور فراہمی میں معاونت کرتا ہے

## عمومی امداد (Mainstream Supports)

وہ خدمات جو کئی مختلف طرح کے لوگوں کو مدد فراہم کرتی ہیں، نہ کہ صرف معذور افراد کو جیسے تعلیم، آمدنی کیلئے مدد، رہائش، روزگار، پبلک ٹرانسپورٹ یا صحت کی خدمات

## مالی وسائل کا انتظام (Management of Funding)

یہ بندوبست کرنے کا طریقہ کہ آپ مطلوبہ امداد اور خدمات کیلئے ادائیگی کیسے کریں گے۔ کچھ صورتیں یہ ہیں: خود انتظام کرنا، NDIS کے انتظام کے تحت ہونا یا آپ کے مالی وسائل کے انتظام کیلئے کسی سروس پرووائیڈر کا ذمہ دار ہونا

## معذوری کی انشورنس کی نیشنل ایجنسی (NDIA)

(National Disability Insurance Agency)

NDIA وہ ادارہ ہے جو NDIS کا انتظام کرتا ہے۔ یہ معذور افراد کو ان کے اہداف حاصل کرنے اور روزمرہ زندگی میں شریک ہونے کیلئے مدد دیتے ہیں

## NDIA ایجنسی کے انتظام میں

(NDIA Agency managed)

جب NDIS کے تحت آپ کی امداد کیلئے NDIA آپ کے مالی وسائل کا انتظام کرے

## معذوری کی انشورنس کی نیشنل سکیم (NDIS)

[National Disability Insurance Scheme (NDIS)]

معذوری کی انشورنس کی نیشنل سکیم جو معذور آسٹریلین باشندوں، ان کے گھرانوں اور دیکھ بھال کرنے والوں کو مدد فراہم کرنے کا نیا طریقہ ہے

## سکیم میں شامل فرد (Participant)

معذوری میں مبتلا شخص جسے NDIS پلان حاصل ہو

## سکیم میں شامل فرد کیلئے پلان

(Participant Plan)

سکیم میں شامل فرد کی مخصوص ضروریات کے لحاظ سے موزوں بنایا گیا پلان جس کا مقصد زیادہ سے زیادہ انتخاب کا موقع اور خودمختاری دلانا ہے

## مستقل اور شدید (Permanent and Significant)

ایسی معذوری جو ایک شخص کو عمر بھر لاحق رہے گی اور جو اس کیلئے مدد کے بغیر روزمرہ کام انجام دینا مشکل بناتی ہو

## فرد پر مرکوز کام کی نہج

(Person Centred Approach)

معذور شخص کی دیکھ بھال کی ضروریات کے لحاظ سے خود اس شخص کو فیصلہ سازی میں مرکزی مقام دلاتی ہے

## پلان کا انتظام (Plan Management)

جب NDIA کے ساتھ رجسٹرڈ ایک فرد یا ادارہ آپ کو آپ کے NDIS پلان میں شامل امداد کیلئے مالی وسائل کا انتظام کرنے میں مدد دے

## پلاننگ میٹنگ (Planning Meeting)

وہ بات چیت جس میں ایک منصوبہ ساز، سکیم میں شامل فرد اور اس کی مدد کرنے والا کوئی دوسرا فرد مل کر کام کرتے ہوئے سکیم میں شامل فرد کیلئے انفرادی مدد کا پلان تشکیل دیں

## معقول اور ضروری (Reasonable and Necessary)

یہ ضروری ہے کہ مدد سکیم میں شامل فرد کی معذوری سے تعلق رکھتی ہو؛ ایک فرد کی معذوری کے سبب مدد کی ضروریات سے تعلق نہ رکھنے والے روزمرّہ زندگی کے اخراجات اس میں شامل نہ ہوں؛ پیسے کے بدلے میں زیادہ فوائد حاصل ہوں؛ یہ مدد فرد کیلئے مؤثر اور فائدہ مند ہونے کا غالب امکان ہو اور یہ سکیم کے شرکاء کو ان کے گھرانوں، دیکھ بھال کرنے والوں، نیٹ ورکس اور معاشرے کی جانب سے فراہم کی جانے والی غیر رسمی امداد کو ملحوظ رکھتی ہو

## ریفرل (Referral)

آپ کو کسی دوسری سروس کے بارے میں دی جانے والی معلومات یا آپ کو کسی دوسری سروس میں بھیجے جانا جو آپ کی مدد کر سکتی ہو

## رجسٹرڈ سروس پرووائیڈر (Registered Service Provider)

معذوری کیلئے ایسا خدمات مہیا کرنے والا (سروس پرووائیڈر) جو اہلیت کے ضمن میں NDIS کے تقاضے پورے کر چکا ہو، منظوریاں حاصل کر چکا ہو، تجربہ اور منظور شدہ امداد فراہم کرنے کی گنجائش رکھتا ہو اور اس کا کام جس قانونی حلقے میں انجام پاتا ہو، وہ وہاں کیلئے مقررہ معیار کی شرائط پوری کرتا ہو

## اپنے انتظام میں (Self Managed)

جب مالی وسائل اور امداد کا انتظام سکیم میں شامل فرد اور اس کا گھرانہ کرتے ہوں

## سروس پرووائیڈر (Service Provider)

کوئی بھی فرد یا ادارہ جو سکیم میں شامل فرد کو مدد یا مصنوعات فراہم کرے

## مدد، سپوّرٹ (Support)

ایسی معاونت جو سکیم میں شامل فرد کو اس کے اہداف، مقاصد اور تمنائیں حاصل کرنے میں اور ایسی سرگرمیاں انجام دینے کیلئے مدد دے جس سے وہ سماجی اور مالی شرکت کے قابل بنے

## مدد میں ربط (Support Co-ordination)

ایک رجسٹرڈ سروس جو سکیم کے شرکاء کو امداد تلاش کرنے اور ان کا انتظام کرنے میں مدد دیتی ہے

## مدد کا پلان (Support Plan)

ایک شخص کی زندگی کے تمام پہلوؤں کیلئے تشکیل دیا گیا پلان۔ معذوری میں مبتلا شخص، والدین/دیکھ بھال کرنے والوں، آجروں اور پیشہ ور ماہرین کے اشتراک سے تشکیل دیا جاتا ہے

## تیسرے فریق کے انتظام میں (Third Party Managed)

NDIA کے ساتھ رجسٹرڈ فرد یا ادارہ جو آپ کے NDIS پلان میں شامل امداد کیلئے مالی وسائل کا انتظام کرنے میں آپ کی مدد کرتا ہے

## تبدیلی کا مرحلہ (Transition)

آپ کی زندگی کا ایسا دور جب آپ ایک جگہ سے دوسری جگہ، ایک پروگرام سے دوسرے پروگرام یا ایک سروس سے دوسری سروس میں جائیں

## ہم سے رابطہ کریں

**02 9569 1288**

**Disclaimer:** ECSC has strived to achieve the highest degree of accuracy in the development of this resource. Any discrepancies of differences created in the translation are not binding and have no legal effect for compliance or enforcement purposes.